## ’غزہ کی خیمہ بستیوں کے اندر 44 فلسطینی صحافیوں کو قتل حقیقت کو دبانے کی سوچی سمجھی اسرائیلی کوشش ہے‘

غزہ: فلسطینی صحافیوں کی مرکزی یونین کی ”کمیٹی برائے حریت اظہار“ نے انکشاف کیا ہے کہ قابض اسرائیلی فوج نے غزہ کی خیمہ بستیوں کے اندر کم از کم 44 فلسطینی صحافیوں کو جان بوجھ کر شہید کیا، تاکہ دنیا تک سچائی کی آواز نہ پہنچ سکے۔ یہ صحافی اُن 254 میڈیا کارکنان میں شامل تھے جو سنہ 2023ء اکتوبر میں قابض اسرائیل کے غزہ پر وحشیانہ حملے کے آغاز سے لے کر سنہ 2025ء اکتوبر کے اختتام تک شہید کیے گئے۔ کمیٹی نے اتوار کے روز جاری اپنی رپورٹ میں بتایا کہ قابض اسرائیلی فوج کی جانب سے صحافیوں کو نشانہ بنانا ایک منظم پالیسی کا حصہ ہے جس کے تحت خیمہ بستیوں، ہسپتالوں کے گرد قائم عارضی پناہ گاہوں اور انروا کے مراکزِ قیام کو براہِ راست بمباری اور سنائپر حملوں سے نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق شہید ہونے والے یہ صحافی مقامی اور بین الاقوامی میڈیا اداروں سے وابستہ تھے اور زیادہ تر اُس وقت شہید ہوئے جب وہ خیمہ بستیوں میں انسانی المیے کی کوریج کر رہے تھے۔ ان حالات میں وہ شدید خطرات، رکاوٹوں اور قابض اسرائیلی فوج کی مسلط کردہ سخت میدانی پابندیوں کے باوجود اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ فلسطینی صحافیوں کی نقابت نے واضح کیا کہ یہ اعداد و شمار قابض اسرائیل کے اُس منظم اور دانستہ منصوبے کو آشکار کرتے ہیں جس کا مقصد فلسطینی صحافت کو خاموش کرنا اور قابض اسرائیلی درندگی و جنگی جرائم کی سچائی دنیا سے چھپانا ہے۔

# خان یونس میں قابض اسرائیل کی جنگی باقیات نے ایک اور معصوم بچہ شہید کر دیا



غزہ: غزہ کے جنوبی شہر خان یونس میں قابض اسرائیل کی جنگی باقیات کے دھماکے کے نتیجے میں ایک اور معصوم فلسطینی بچہ شہید ہو گیا۔ ناصر میڈیکل کمپلیکس نے اتوار کے روز تصدیق کی کہ دھماکہ قابض اسرائیلی فوج کے چھوڑے گئے ایک بم کے پھٹنے سے ہوا۔

ہفتے کی شام بھی حمد سٹی کے قریب شمال مغربی خان یونس میں قابض اسرائیلی فوج کے زیرِ استعمال جنگی مواد کے پھٹنے سے ایک اور بچہ شہید ہوا تھا۔

غزہ میں ایمرجنسی رسپانس ڈپارٹمنٹ نے گذشتہ بدھ کو خبردار کیا تھا کہ قابض اسرائیل کے وحشیانہ حملوں سے متاثرہ علاقوں میں جنگی باقیات بڑے پیمانے پر پھیلی ہوئی ہیں جو شہریوں کی زندگیوں کے لیے براہِ راست خطرہ بن چکی ہیں۔ ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی ذرائع نے بتایا کہ گذشتہ روز شہید ہونے والا بچہ خاندان الاسطل سے تعلق رکھتا تھا، جو قابض اسرائیلی فوج کے چھوڑے گئے دھماکہ خیز مواد کے پھٹنے سے موقع پر ہی جامِ شہادت نوش کر گیا۔ غزہ میں قائم مرکز برائے انسانی حقوق کی تازہ رپورٹ کے مطابق علاقے بھر میں تقریباً بیس ہزار کے قریب خطرناک دھماکہ خیز اجسام، جن میں بم، راکٹ اور گولے شامل ہیں، ابھی تک غیر فعال حالت میں موجود ہیں۔ یہ وہ جنگی آلات ہیں جو قابض اسرائیلی فوج نے اپنی دو سال سے زائد جاری نسل کشی اور فوجی جارحیت کے دوران غزہ پر برسائے۔ عالمی تنظیم ”ہینڈی کیپ انٹرنیشنل“ نے بھی خبردار کیا ہے کہ غزہ میں موجود غیر پھٹے بارودی مواد واپس لوٹنے والے بے گھر فلسطینیوں کے لیے ایک ”انتہائی خطرناک“ صورتحال پیدا کر رہے ہیں۔ تنظیم نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ غزہ میں بارودی سرنگیں صاف کرنے کے لیے ضروری آلات اور مشینری کے داخلے کی اجازت دی جائے، جیسا کہ ماضی میں اقوام متحدہ نے کیا تھا۔

## قابض اسرائیل کی جیل میں فلسطینی اسیر اسلام جرار کی حالت تشویشناک حد تک بگڑ گئی

رام اللہ: کلب برائے اسیران نے خبردار کیا ہے کہ قابض اسرائیل کی جیلوں میں قید فلسطینی اسیر اسلام صالح جرار کی حالت صحت نہایت تشویشناک ہو چکی ہے۔ 52 سالہ اسلام جرار جنین کے رہائشی ہیں اور سنہ 2002ء سے قید ہیں۔ رپورٹ کے مطابق قابض اسرائیلی انتظامیہ کی جانب سے دانستہ بھوک پر مجبور کیے جانے اور طبی لاپرواہی کے مسلسل شکار رہنے کے باعث ان کا وزن خطرناک حد تک کم ہو گیا ہے۔ کلب برائے



اسیران کے اعلامیے میں بتایا گیا کہ اسلام جرار پر قابض انتظامیہ نے انتہائی ظالمانہ پابندیاں عائد کر رکھی ہیں۔ انہیں صرف ہر دو ہفتے بعد ایک گھنٹے کے لیے جیل کے صحن میں جانے کی اجازت دی جاتی ہے۔ مزید یہ کہ انہیں معمول کے مطابق بال تراشنے کی اجازت نہیں بلکہ زبردستی پورا سر منڈوانے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ ادارے نے ان اقدامات کو ”اجتماعی ذلت کے ہتھکنڈے“ قرار دیا جو قابض اسرائیلی جیل انتظامیہ نے فلسطینی اسیران کو نفسیاتی طور پر توڑنے کے لیے اپنائے ہیں۔ اسلام جرار کو قابض عدالت نے عمر قید کی نو بار سزائیں اور سات سال اضافی سزا سنائی ہے۔ ان کی زندگی اب شدید خطرے میں ہے اور کلب برائے اسیران نے عالمی برادری سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے تاکہ قابض اسرائیل کی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں پر مسلط کردہ اس ”سست رفتاری سے موت دینے والی پالیسی“ کو روکا جا سکے۔ ادھر ”مرکز فلسطین برائے مطالعات اسیران“ نے اپنے بیان میں کہا کہ قابض اسرائیل کی جیلوں میں سردیوں کے آغاز کے ساتھ قیدیوں کی حالت مزید ابتر ہو رہی ہے۔ قیدیوں کو گزشتہ دو برسوں سے گرم لباس، کمبل، گرم پانی اور حرارتی آلات سے محروم رکھا جا رہا ہے جس سے ان کی زندگیاں حقیقی خطرات سے دوچار ہیں۔ مرکز فلسطین کے مطابق قابض اسرائیلی حکام نے سات اکتوبر سنہ 2023ء کے بعد تمام جیلوں میں ایمرجنسی نافذ کر رکھی ہے۔ جیلوں کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے اور انہیں بیرونی دنیا سے کاٹ دیا گیا ہے۔ قیدیوں سے اہل خانہ کی ملاقاتیں، وکلاء کی رسائی اور سرخ صلیب کے نمائندوں کی آمد پر مکمل پابندی ہے۔ اس عرصے میں نہ اہل خانہ کو اور نہ ہی کسی انسانی حقوق کے ادارے کو قیدیوں کے لیے لباس یا کمبل پہنچانے کی اجازت دی گئی ہے۔ مرکز فلسطین کے مطابق یہ اقدامات قابض اسرائیل کی جانب سے فلسطینی اسیران کو اجتماعی سزا دینے کی منظم پالیسی کا حصہ ہیں جو انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اسلام جرار سمیت ہزاروں فلسطینی قیدی قابض اسرائیل کی جیلوں میں ناقابلِ بیان اذیتوں، بھوک، بیماری، اور طبی غفلت کے سبب زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ انسانی ضمیر اور عالمی اداروں کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ خاموش تماشائی بنے رہیں یا ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں۔

## سی آئی اے، موساد اور سعودی خفیہ اداروں سے جڑا جاسوسی نیٹ ورک یمن میں بے نقاب

صنعا: یمن کی وزارت داخلہ نے اعلان کیا ہے کہ اس کی سکیورٹی فورسز نے ایک بڑے جاسوسی نیٹ ورک کو گرفتار اور ناکارہ بنا دیا ہے جو امریکی خفیہ ادارے سی آئی اے، صیہونی ایجنسی موساد اور سعودی انٹیلی جنس کے مشترکہ آپریشن روم سے منسلک تھا۔ وزارت داخلہ کے مطابق یہ کارروائی کئی مراحل میں انجام پائی اور اسے ایک بڑی سکیورٹی کامیابی قرار دیا گیا ہے۔ وزارتِ داخلہ نے اپنے بیان میں کہا کہ مشترکہ آپریشن روم سعودی عرب کی سرزمین پر قائم تھا، جہاں سے متعدد چھوٹے، علیحدہ اور خفیہ سیلز کو کنٹرول کیا جا رہا تھا۔ ان سیلز کو جدید جاسوسی آلات فراہم کیے گئے تھے اور ان کا کام یمنی بنیادی ڈھانچے، فوجی، سکیورٹی اور اسلحہ جاتی تنصیبات کی نگرانی کرنا تھا، جن میں میزائل لانچنگ مقامات بھی شامل تھے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ نیٹ ورک یمنی عوام کے خلاف امریکی اور صیہونی حملوں میں مدد فراہم کرتا تھا اور اس نے دشمن کو وہ معلومات اور مقامات فراہم کیے جن پر حملے کر کے یمنی شہریوں کے خون بہائے گئے۔ نیٹ ورک کی سرگرمیاں گھروں، مارکیٹوں اور عوامی مقامات پر حملوں میں معاون ثابت ہوئیں۔

# صہیونی آبادکاروں کے بڑھتے جرائم مغربی کنارے کے قبضے کے منصوبے کو مستحکم کرنے کی سوچی سمجھی سازش

غزہ: انسانی حقوق کی تنظیم ’یورو میڈ مانیٹر برائے انسانی حقوق‘ نے کہا ہے کہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف صہیونی آبادکاروں کے جرائم میں خطرناک اضافہ ہوا ہے جو موسمِ زیتون کی شروعات کے ساتھ اپنی انتہا کو پہنچ گیا ہے۔ یہ سب ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب قابض اسرائیلی افواج کی طرف سے کسی قسم کے احتساب یا روک تھام کا وجود نہیں، بلکہ یہ حملے اکثر اسرائیلی فوج کی براہِ راست سرپرستی میں انجام دیے جاتے ہیں۔ یہ بات واضح کرتی ہے کہ قابض اسرائیل ایک منظم اور سرکاری پالیسی کے تحت آبادکاروں کے تشدد کو فلسطینی سرزمین پر اپنی قبضہ گیری مضبوط کرنے کے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے، تاکہ مغربی کنارے کے الحاق کو عملی جامہ پہنایا جا سکے اور مقامی فلسطینیوں کو ان کی زمینوں سے بے دخل کیا جا سکے۔

یورو میڈ مانیٹر نے اتوار کے روز جاری ایک بیان میں کہا کہ یہ منظم اضافہ ایک وسیع تر صہیونی منصوبے کا حصہ ہے جس کا مقصد مغربی کنارے پر مکمل قبضہ جمانا اور وہاں کے فلسطینی باشندوں کو زبردستی نکال کر صہیونی آبادکاری کو پھیلانا ہے۔ اس منصوبے کے تحت آبادکاروں کو قابض فوج کے مددگار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے جو حملے، زمینوں پر قبضہ اور فلسطینی آبادیوں کے درمیان علیحدگی کی نئی دیواریں کھڑی کر رہے ہیں، تاکہ ایک متحد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی ہر امید کو ختم کیا جا سکے۔ مانیٹر کے میدانی ٹیم کے مطابق گذشتہ چند ہفتوں کے دوران فلسطینی شہریوں، خاص طور پر کسانوں، پر آبادکاروں کے حملوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ان حملوں میں جسمانی تشدد، زیتون کی فصل کی چوری، درختوں کو جلانا، جائیدادوں کی تباہی اور کھیتوں تک رسائی میں رکاوٹ شامل ہیں۔ ان میں سے اکثر حملے اسرائیلی فوج کی براہِ راست حفاظت میں ہوئے جبکہ بعض میں فوجی خود شریک تھے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ ریاستی پالیسی کے تحت فلسطینیوں کو ان کی زمینوں سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔

یورو میڈ مانیٹر نے بتایا کہ تین نومبر کو ایک صہیونی آبادکار نے الخلیل کے شمال میں ”رأس الجورہ“ کے قریب فلسطینی نوجوان احمد رجبی الاطرش کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ قابض اسرائیلی حکام نے دعویٰ کیا کہ مقتول گاڑی چوری کرنے کی کوشش کر رہا تھا، لیکن اس جھوٹے الزام کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ اسرائیلی فوج نے فلسطینی ہلال احمر کی ایمبولینس کو زخمی تک پہنچنے سے روکا، جس کے باعث وہ خون بہہ جانے سے جامِ شہادت نوش کر گیا۔ بعد ازاں قابض فوج نے اس کی میت قبضے میں لے لی اور اگلے دن واپس کی۔

مانیٹر کے مطابق احمد الاطرش کی شہادت کے بعد رواں سال کے آغاز سے اب تک آبادکاروں کے ہاتھوں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 13 ہو گئی ہے، جبکہ اکتوبر سنہ 2023ء سے یہ تعداد 37 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ اعداد و شمار اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ تشدد کی نوعیت جائیدادوں پر حملوں سے بڑھ کر فلسطینی جانوں کے براہِ راست نشانے پر پہنچ چکی ہے۔

رپورٹ کے مطابق یکم اکتوبر سے 8 نومبر تک صرف 39 دنوں میں آبادکاروں کے 324 حملے ریکارڈ کیے گئے، یعنی روزانہ اوسطاً آٹھ حملے۔ زیتون کی فصل کے دوران یہ تشدد گزشتہ برسوں کی نسبت کہیں زیادہ رہا، جس میں 143 سے زائد فلسطینی زخمی ہوئے اور 77 دیہاتوں میں 4 ہزار سے زیادہ درخت اور پودے تباہ کیے گئے۔

یہ حملے مسلح صہیونی ملیشیاؤں کی شکل میں کیے جاتے ہیں جو مغربی کنارے کی غیر قانونی بستیوں سے نکل کر فلسطینی دیہات پر چڑھ دوڑتی ہیں۔ یہ گروہ اسرائیلی فوج کے ساتھ مکمل ہم آہنگی میں کام کرتے ہیں، دیہات میں گھس کر گھروں اور گاڑیوں پر حملے کرتے ہیں، شہریوں کو مار پیٹ کرتے ہیں اور انہیں دھمکاتے ہیں کہ وہ اپنے علاقے خالی کریں۔ اس دوران فلسطینی کھیتوں پر خیمے نصب کر کے نئی چوکیوں کی بنیاد رکھی جاتی ہے تاکہ بعد میں انہیں مستقل بستیوں میں بدلا جا سکے۔



گذشتہ شب آبادکاروں نے جنوبی جنین کے گاؤں رابہ میں فلسطینی گھروں پر حملہ کیا اور قابض فوج کی سرپرستی میں شہریوں کو زدوکوب کیا۔ اسی روز وہ الخلیل کے جنوب میں یطا کے مشرقی علاقے تل ماعین پر بھی حملہ آور ہوئے جہاں انہوں نے فلسطینیوں کو تشدد کا نشانہ بنایا، کھیتوں میں جانور چھوڑ دیے اور کھیتوں میں موجود افراد کو مارا پیٹا۔ قابض فوج نے موقع پر پہنچ کر متاثرین کے بجائے تین فلسطینی نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ اسی طرح رام اللہ کے مشرق میں دیرِ جریر گاؤں میں ایک فلسطینی کسان کے بیس زیتون کے درخت کاٹ ڈالے گئے۔

اسی دن بورین گاؤں (جنوبی نابلس) میں زیتون چننے والے فلسطینیوں اور غیر ملکی رضاکاروں پر حملہ کیا گیا جس میں پانچ افراد زخمی ہوئے۔ اس سے ایک دن قبل صہیونی آبادکاروں نے شمالی وادی اردن میں کئی فلسطینی مکانات اور مویشیوں کے باڑے مسمار کر دیے، اور دیہاتیوں پر حملہ کر کے انہیں ان کی زمینوں سے بے دخل کرنے کی کوشش کی۔

یورو میڈ مانیٹر کے مطابق آبادکاروں کے ان حملوں کے نتیجے میں اب تک پانچ ہزار دو سو فلسطینی اپنے گھروں اور دیہات سے جبراً بے دخل ہو چکے ہیں، تاکہ مغربی کنارے کے آبادیاتی نقشے کو صہیونی مفاد میں بدلا جا سکے۔

رپورٹ میں کہا گیا کہ فلسطینی دوہری مظلومیت کا شکار ہیں پہلے آبادکاروں کے تشدد کے اور پھر قابض فوج کی انتقامی کارروائیوں کے۔ آبادکاروں کو مکمل قانونی تحفظ حاصل ہے جبکہ اپنے دفاع کی کوشش کرنے والے فلسطینیوں کو ”تشدد“ یا ”اشتعال انگیزی“ کے الزام میں گرفتار کیا جاتا ہے۔

یورو میڈ مانیٹر نے واضح کیا کہ قابض اسرائیلی حکومت کا آبادکاروں کو اسلحہ فراہم کرنا اور قانونی تحفظ دینا بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے، کیونکہ قابض طاقت پر لازم ہے کہ وہ زیرِ قبضہ آبادی کی حفاظت کرے، نہ کہ ان کے قاتلوں کو طاقت بخشے۔

رپورٹ میں کہا گیا کہ اسرائیلی عدالتی اور فوجی اداروں کی ملی بھگت نے آبادکاروں کو مکمل استثنا دے رکھا ہے۔ ان کے خلاف درج زیادہ تر مقدمات بغیر کسی سزا کے بند کر دیے جاتے ہیں، اور صرف تین فیصد واقعات میں معمولی کارروائی کی جاتی ہے۔ یہ واضح کرتا ہے کہ قابض اسرائیلی ریاست اپنے شہریوں کے جرائم کی براہِ راست ذمہ دار ہے۔

مانیٹر نے یاد دلایا کہ 19 جولائی سنہ 2024ء کو عالمی عدالتِ انصاف نے اپنے فیصلے میں واضح کیا تھا کہ آبادکاروں کا فلسطینیوں کے خلاف تشدد اور اسرائیل کی جانب سے ان جرائم کو روکنے میں ناکامی، دونوں مل کر ایک ایسا ماحول پیدا کرتے ہیں جو فلسطینیوں کو خوف کے سائے میں زندگی گزارنے پر مجبور کرتا ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا تھا کہ یہ طرزِ عمل بین الاقوامی قوانین کے منافی ہے اور قابض طاقت کو شہریوں کے تحفظ کی ذمہ داری سے عاری نہیں کرتا۔

رپورٹ میں بتایا گیا کہ قابض اسرائیل مسلسل غیر قانونی آبادیاں قائم کر رہا ہے، اور حکومت کی آشیرباد سے یہ عمل تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ نئی چوکیوں کے قیام میں مالی امداد، سکیورٹی اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی شامل ہے، خاص طور پر وادی اردن، جنوبی الخلیل اور نابلس کے علاقوں میں۔

یورو میڈ مانیٹر نے کہا کہ اس قسم کی آبادکاری اگرچہ بظاہر ”غیر منظم“ نظر آتی ہے لیکن حقیقت میں یہ ایک منظم ریاستی منصوبے کے تحت ہو رہی ہے جس کا مقصد مغربی کنارے کے الحاق کو عملی شکل دینا اور فلسطینی زمینوں کو ٹکڑوں میں تقسیم کر دینا ہے۔


اس نے زور دیا کہ یہ آبادکاریاں بین الاقوامی انسانی قانون کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ چوتھی جنیوا کنونشن کی شق 49 واضح طور پر کہتی ہے کہ کوئی قابض طاقت اپنی آبادی کو زیرِ قبضہ علاقوں میں منتقل نہیں کر سکتی۔ اس بنا پر آبادکاری کے تمام منصوبے جنگی جرائم کے زمرے میں آتے ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ صرف جنگی جرائم نہیں بلکہ جارحیت کے جرائم بھی ہیں کیونکہ یہ عمل گریٹر اسرائیل کے نظریے کے تحت فلسطینی زمینوں کے زبردستی انضمام پر مبنی ہے، جو اقوام متحدہ کے منشور اور طاقت کے زور پر زمین ہتھیانے کی ممانعت کے اصول کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

مانیٹر نے نشاندہی کی کہ قابض اسرائیلی نظام مکمل طور پر نسلی تفریق (اپارتھائیڈ) پر مبنی ہے جس میں فلسطینیوں کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ یہ نظام نسلی برتری، استعماری تسلط اور جغرافیائی علیحدگی کے ذریعے فلسطینیوں کو مسلسل ظلم، بھوک اور جبر میں مبتلا رکھے ہوئے ہے۔ یورو میڈ مانیٹر نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ عالمی عدالتِ انصاف کے فیصلے پر فوری عمل درآمد کو یقینی بنائے، قابض اسرائیل کو تمام آبادکاری روکنے پر مجبور کرے، فلسطینی علاقوں سے آبادکاروں کا انخلا کرائے، اور فلسطینی شہریوں کے تحفظ کے لیے ایک مؤثر بین الاقوامی میکانزم قائم کرے۔ ادارے نے عالمی عدالتِ فوجداری سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ فلسطینی علاقوں میں ہونے والے جرائمِ جنگ، منظم تشدد، جبری بے دخلی اور نسلی امتیاز کی تحقیقات تیز کرے تاکہ ان جرائم میں ملوث صہیونی سیاسی اور عسکری قائدین کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔

## نامور مصری عالم دین ڈاکٹر زغلول النجار خالقِ حقیقی سے جا ملے

عمان: نامور مصری عالم دین، مفکر اور قرآنِ کریم میں سائنسی اعجاز پر تحقیق کرنے والے ممتاز اسکالر ڈاکٹر زغلول النجار خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ وہ اردن کے دارالحکومت عمان میں 92 برس کی عمر میں وفات پا گئے۔ ڈاکٹر زغلول النجار کے آفیشل فیس بک صفحے پر ان کے انتقال کی تصدیق کرتے ہوئے لکھا گیا کہ ”ہم امت مسلمہ کو یہ افسوسناک خبر دیتے ہیں کہ عظیم محقق، مفسر قرآن اور داعی اسلام ڈاکٹر زغلول النجار اب ہم میں نہیں رہے“۔ اعلان کے مطابق ان کی نمازِ جنازہ آج پیر کو عمان کی ابو عیشہ مسجد میں نمازِ ظہر کے بعد ادا کی جائے گی، بعد



ازاں انہیں ام القطین قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ عالمی اتحاد برائے علماء مسلمین نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ ”آج عالم اسلام اپنے عظیم فرزند، خالص عالمِ دین، داعیِ حق اور معروف مفکرِ اسلامی ڈاکٹر زغلول النجار کو کھو بیٹھا۔ ان کی پوری زندگی علم، ایمان اور دعوتِ الی اللہ کے سفر میں نصیحت و حکمت کے ساتھ بسر ہوئی“۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ڈاکٹر زغلول النجار ان ممتاز علمائے کرام میں سے تھے جنہوں نے قرآنِ کریم کے سائنسی اعجاز کے ذریعے ایمان کو مضبوط کرنے اور شعور کو گہرا کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے ارضیات (جیولوجی) کے سائنسی حقائق کو علومِ وحی کے ساتھ جوڑ کر یہ ثابت کیا کہ قرآنِ کریم ہی کائنات کی سب سے بڑی سائنس کی کتاب ہے۔ وہ اس بات کی جیتی جاگتی مثال تھے کہ علم جب دین کی خدمت میں لگایا جائے تو وہ ہدایت کا چراغ بن جاتا ہے۔ ڈاکٹر زغلول النجار فلسطینی نصب العین کے ایک مضبوط حامی کے طور پر جانے جاتے تھے۔ وہ ہمیشہ قابض اسرائیل کے مظالم کے خلاف آواز بلند کرتے رہے، فلسطینی عوام کے حقوق کے مدافع اور مسجد اقصیٰ والقدس کے محافظ تصور کیے جاتے تھے۔ طوفانِ اقصیٰ کے بعد جب غزہ پر قابض اسرائیل نے درندگی اور اجتماعی قتل عام کی مہم شروع کی تو ڈاکٹر النجار نے نہ صرف اس نسل کشی کی کھل کر مذمت کی بلکہ عرب اور مسلم حکومتوں کی بے حسی پر بھی سخت تنقید کی۔ ڈاکٹر زغلول النجار 1933ء میں مصر کے صوبہ الغربیہ میں پیدا ہوئے۔ وہ بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہرِ ارضیات تھے۔ اپنی زندگی قرآنِ کریم کے سائنسی اعجاز پر تحقیق اور تصنیف کے لیے وقف کر دی۔ سنہ 1986ء میں مکہ مکرمہ میں قائم ہونے والی ”عالمی ادارہ برائے سائنسی اعجازِ قرآن وسنت“ کے بانی اراکین میں شامل تھے۔ انہوں نے برطانیہ کی یونیورسٹی آف ویلز سے علومِ زمین میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور بعد ازاں اسی یونیورسٹی سے پوسٹ ڈاکٹریٹ فیلوشپ بھی حاصل کی۔ سنہ 1972ء میں انہیں پروفیسر کا درجہ دیا گیا۔ وہ لندن کی ”عالمی اسلامی یونیورسٹی برائے سائنسی علوم“ کے رکن بھی رہے۔ ڈاکٹر زغلول النجار اپنی علمی گہرائی، دعوتی بصیرت، اور فلسطین سے والہانہ محبت کے باعث ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ ان کی وفات سے علم و ایمان کے افق پر ایک روشن چراغ بجھ گیا لیکن ان کے افکار اور خدمات امت کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ حماس کی جانب سے جاری تعزیتی بیان میں کہا گیا ہے کہ شیخ زغلول النجار اتوار 9 نومبر کو اردن کے دارالحکومت عمان میں 92 برس کی عمر میں وفات پا گئے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی علم، ایمان اور خدمتِ دین میں گزاری۔ وہ قرآن و سنت کی ترویج، حکمت، نصیحت اور دعوت الی اللہ کے راستے کے ایک روشن چراغ تھے۔

# پینتیس دن آہنی تابوت میں قید رہنے والے فلسطینی کی لرزہ خیز داستان

غزہ: غزہ کے شہری ’عماد ذُہبان‘ جب قابض اسرائیلی جیل سدی تیمان سے رہائی پانے کے بعد باہر نکلے تو ان کے جسم پر تشدد کے نشانات اور روح پر اذیت کے زخم واضح تھے۔ وہ طوفان الاحرار کے تیسرے تبادلۂ اسیران معاہدے کے تحت رہا کیے گئے، مگر کہتے ہیں کہ ”میں جیل سے آزاد ہوا ہوں، لیکن جیل مجھ سے آزاد نہیں ہوئی“۔

گرفتاری اور عقوبت خانہ سدی تیمان: عماد ذُہبان کو دسمبر 2023ء میں قابض اسرائیلی فوج نے غزہ کی زمینی جارحیت کے دوران گرفتار کیا۔ بعد ازاں انہیں جنوبی اسرائیل میں قائم ایک خفیہ اور غیر قانونی عقوبت خانے سدی تیمان منتقل کر دیا گیا، جہاں درجنوں فلسطینی شہریوں کو تفتیش کے نام پر اذیت دی جاتی رہی۔

وہ بیان کرتے ہیں کہ ”مجھے وہاں قید نہیں کیا گیا، دفن کر دیا گیا تھا۔ میں نے پینتیس دن لوہے کے تابوت میں گزارے، جہاں سانس لینا بھی جرم لگتا تھا“۔

”موسیقی کے کمروں“ کا عذاب: عماد ذُہبان کے مطابق انہیں ابتدائی بارہ دن ایک ایسے کمرے میں رکھا گیا جسے قابض فوجی طنزاً ”موسیقی کا کمرہ“ کہتے تھے۔ یہ جگہ مسلسل شور، چیخوں، دھماکوں اور بلند آوازوں سے بھری رہتی تھی تاکہ قیدیوں کا ذہنی توازن بگڑ جائے۔

”ہمیں نیند سے محروم رکھا جاتا۔ ہر لمحہ بجلی کے جھٹکے، شور اور اندھیرے کا امتزاج تھا۔ انسان کو یوں لگتا جیسے وہ خود اپنی چیخیں سن رہا ہو“۔



برقی کرسی پر تفتیش: عماد ذُہبان نے بتایا کہ قابض تفتیش کاروں نے انہیں برقی کرسی پر بٹھا کر پاؤں میں تار باندھی اور جھٹکوں کے ساتھ سوالات کیے۔ ان سے مزاحمتی تنظیموں اور سرنگوں کے بارے میں معلومات طلب کی گئیں۔ ”تفتیش کاروں نے کہا کہ اگر تعاون کرو تو اپنے گھر والوں سے ملاقات کرا دیں گے۔ میں نے جواب دیا، تم میری زبان سے الفاظ نکال سکتے ہو، مگر میرا ایمان نہیں“۔ کھانے کے نام پر خشک روٹی اور چند گھونٹ پانی دیے جاتے۔ بعض اوقات دنوں تک بھوکا رکھا جاتا تاکہ جسمانی کمزوری ذہنی شکست میں بدل جائے۔

آہنی تابوت میں دفن: تفتیش کے بعد عماد ذُہبان کو ایک تنگ آہنی پنجرے میں پھینک دیا گیا۔ وہ کہتے ہیں ”یہ قید خانہ نہیں بلکہ ایک تابوت تھا۔ میں نہ سیدھا لیٹ سکتا تھا نہ ہل سکتا۔ دن میں صرف ایک بار پائپ کے ذریعے مائع دیا جاتا۔ میں نے وقت کا احساس کھو دیا تھا۔ مجھے یقین ہو گیا تھا کہ میں زندہ نہیں رہا“۔

اسی عقوبت خانے میں کئی دوسرے قیدیوں کی حالت بگڑ گئی۔ کچھ ہوش کھو بیٹھے، کچھ کی لاشیں خاموشی سے اٹھالی گئیں۔

گندگی، بیماری اور موت: بعد ازاں انہیں دیگر جیلوں میں منتقل کیا گیا جہاں حالات بدتر تھے۔ صفائی نہ ہونے کے باعث قیدیوں کے جسم پر زخم اور پھوڑے نکل آئے۔ ذُہبان بتاتے ہیں: ”کئی اسیر خارش اور انفیکشن سے مر گئے۔ کسی کو دوا نہیں دی گئی۔ گندے کمبل، بھوک اور تعفن نے ہر سانس کو عذاب بنا دیا تھا“۔

نفسیاتی شکنجہ: قابض تفتیش کاروں نے قیدیوں کے حوصلے توڑنے کے لیے نفسیاتی حربے استعمال کیے۔ عماد ذُہبان کہتے ہیں۔ ”مجھے روز بتایا جاتا کہ میرا خاندان ملبے کے نیچے دب گیا ہے۔ وہ چاہتے تھے کہ میں ٹوٹ جاؤں۔ مگر میں نے خاموشی کو اپنا ہتھیار بنایا“۔ چند ہفتوں بعد انہیں معلوم ہوا کہ واقعی ان کے کچھ رشتہ دار شہید ہو چکے ہیں، لیکن انہوں نے صبر کو اپنی مزاحمت بنا لیا۔ ”ہم بھوک سے لڑتے تھے، مگر ہار نہیں مانتے تھے“

قابض جیلوں میں قیدیوں کو صرف اتنا کھانا دیا جاتا کہ وہ زندہ رہ سکیں۔ عماد ذُہبان کہتے ہیں ”ہم تینوں معمولی خوراکیں جمع کر کے ایک وقت میں کھاتے تاکہ جسم میں کچھ طاقت باقی رہے۔ بھوک ہماری سب سے بڑی آزمائش تھی، مگر ہم نے کبھی مزاحمت کا خواب نہیں چھوڑا“۔

اسرائیلی خفیہ کارندوں کے جال: انہوں نے انکشاف کیا کہ کچھ جیلوں میں اسرائیلی خفیہ ایجنسی اپنے کارندوں کو قیدیوں کے بھیس میں رکھتی ہے۔ ”انہیں ’عصافیر‘ کہا جاتا ہے۔ وہ ہمارے درمیان رہ کر معلومات حاصل کرتے۔ ہم ان سے محتاط رہنا سیکھ گئے تھے“۔

عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں: عماد ذُہبان کی یہ گواہی صرف ایک فرد کی نہیں بلکہ پوری قوم کے زخموں کی کہانی ہے۔ اسرائیلی عقوبت خانوں میں روا رکھے جانے والے یہ مظالم چوتھے جنیوا کنونشن اور انسدادِ تشدد کے بین الاقوامی معاہدے (1984ء) کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے سدی تیمان عقوبت خانے میں ہونے والے جرائم کی آزادانہ بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

اسرائیلی جیلیں اب محض قید خانے نہیں رہے بلکہ وہ زندہ قبریں بن چکے ہیں جہاں فلسطینیوں سے ان کی انسانیت چھینی جاتی ہے۔ عماد ذُہبان جیسے درجنوں اسیران آج بھی جسمانی طور پر آزاد ہیں مگر ذہنی طور پر ان لوہے کے تابوتوں میں قید ہیں جنہیں دنیا دیکھنے سے انکاری ہے۔ یہ کہانی غزہ کے ایک شخص کی نہیں، بلکہ پوری فلسطینی قوم کی اجتماعی اذیت کا استعارہ ہے۔ جب ایک انسان آہنی تابوت میں زندہ رہنے پر مجبور ہو تو یہ سوال پوری دنیا کے سامنے کھڑا ہوتا ہے۔ کیا انسانیت واقعی زندہ ہے؟

## ہرٹزوگ کا دورہ افریقہ کے دوران استقبال فلسطینیوں کے زخموں پر نمک پاشی ہے: حماس

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت ’حماس‘ نے قابض اسرائیل کے صدر ہرٹزوگ کے زامبیا اور کانگو جمہوریہ کے دورے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے افریقی ممالک کی فلسطینی حق آزادی کی حمایت کو توڑنے کی ایک صہیونی سازش قرار دیا۔ حماس نے مرکز اطلاعات فلسطین کو جاری کردہ بیان میں کہا کہ ایک ایسے جنگی مجرم کا



استقبال جس کے ہاتھ معصوم بچوں، خواتین اور بزرگوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، قابض اسرائیل کی درندگی کی تاریخ اور اس کے جرائم کو سفید کرنے میں براہ راست شرکت کے مترادف ہے۔ حماس نے اس استقبال کو غزہ میں قابض اسرائیل کی طرف سے فلسطینی عوام کے خلاف کی جانے والی اجتماعی نسل کشی کے ساتھ ناروا تعلق اور اس کی جاری سفاکیت کا مظہر قرار دیا، جس کے اثرات ابھی بھی محسوس کیے جا رہے ہیں کیونکہ قابض اسرائیل اپنے وعدوں سے مکر رہا ہے اور فائر بندی کے معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ حماس نے عالمی برادری پر زور دیا کہ قابض اسرائیل اور اس کے حکمرانوں کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے، اور افریقی ممالک خصوصاً اپنی تاریخی ذمہ داری کے تحت اس ظلم اور نوآبادیاتی پالیسی کے خلاف کھڑے رہیں۔ تنظیم نے قابض اسرائیل کو جدید تاریخ کے سب سے وحشی اور ظالم نوآبادیاتی مظاہر کی تجسیم قرار دیا۔ قابض اسرائیل کے صدر ہرتسوگ سنہ 2025ء میں پیر کے روز سرکاری دورے پر زامبیا اور کانگو جمہوریہ جائیں گے، جس کے ساتھ وہ زامبیا کا دورہ کرنے والے پہلے اسرائیلی صدر بنیں گے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو۔کے۔) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو۔کے۔ سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+

قارئین کو مشورہ: ”صحافت“ میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔